سبق-13

چانْد

تُم ندّی پر جاکر دیکھو
جب ندّی میں نہائے چاند

کیسی لگائی ڈُبکی اُس نے
ڈر ہے ڈوُب نہ جائے چاند

کِرنوں کی اِک سیڑھی لے کر
چَھم چَھم اُترا آئے چاند

جب تُم اُس کو پکڑنے جاؤ
پانی میں چُھپ جائے چاند

اب پانی میں چُپ بیٹھا ہے
کیا کیا رُوپ دکھائے چاند

چاہے جِدھر کو جاؤ افسؔر
ساتھ تمھارے جائے چاند

(افسؔر میرٹھی)

مشق

پڑھیے اور سمجھیے۔

رُوپ : صورت، شکل

ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. چاند کہاں جا کر دیکھنے کو کہا گیا ہے؟
2. چاند نے کہاں ڈُبکی لگائی؟
3. چاند کے ڈُبکی لگانے سے کیا ڈر پیدا ہوتا ہے؟
4. چاند ندّی میں کس سیڑھی سے نیچے اُترا؟
5. چاند پانی میں کب چُھپ جاتا ہے؟
6. چاند ہمارے ساتھ کہاں کہاں جاتا ہے؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

1. تم ندی ــــــ جا کر دیکھو

2. کیسی لگائی ڈُبکی اس ____

3. پانی ____ چھُپ جائے چاند

4. جب تم اس ____ پکڑنے جاؤ

5. اب پانی میں چُپ بیٹھا ____

حروف کو ملا کر لفظ بنائیے۔

1. | ڈ | و | ب | = ____

2. | چ | ا | ن | د | = ____

3. | پ | ا | ن | ی | = ____

4. | ک | ر | ن | و | ل | = ____

5. | پ | ک | ڑ | ن | ے | = ____

لفظوں کو دیکھ کر خالی خانوں میں صحیح حرف لکھیے۔

1. ساتھ = | س | ا | |

2. جِدھر = | ج | | ر |

3. دیکھو =

و		ے	د

4. سیڑھی =

ی		ی	س

5. بیٹھا =

ا		ے	ب

چاند کی مختلف شکلیں تصویر بنا کر دکھایئے۔

پورا چاند	آدھا چاند	نیا چاند
....	....	....

نظم کی مدد سے حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

ب	الف
کیا کیا روُپ دکھائے چاند	تم ندّی پر جا کر دیکھو
ساتھ تمھارے جائے چاند	کرنوں کی اِک سیڑھی لے کر
جب ندّی میں نہائے چاند	اب پانی میں چُپ بیٹھا ہے
چَھم چَھم اُترا آئے چاند	چاہے جدھر کو جاؤ افسر

سوچیے اور بتائیے۔

1. آسمان پر آپ اور کیا کیا دیکھتے ہیں؟

2. کیا آپ نے کوئی ندی دیکھی ہے؟ نام بتائیے۔

خوش خط لکھیے۔

نہائے	______ ______ ______ ______ ______
ڈُبکی	______ ______ ______ ______ ______
چَھم چَھم	______ ______ ______ ______ ______
چُھپ	______ ______ ______ ______ ______
افسر	______ ______ ______ ______ ______

اس نظم کو یاد کیجیے۔